Department of Social Services
Human Resources Administration
Department of Homeless Services
Office of Child Support Services

اسے بے باق کریں (Pay It Off) کا معاہدہ
(Urdu)

دستخط شدہ معاہدہ واپس کریں بنام:
OCSS - Pay It Off
PO Box 830, Canal St. Station
New York, NY 10013
واپس کرنے کے طریقوں کے مدنظر nyc.gov/payitoff دیکھیں۔

تاریخ:
کیس ID:
غیر تولیتی والدین:
اپنا فون/ای میل درج کریں۔

یہ معاہدہ NYC محکمۂ برائے سماجی خدمات (NYC Department of Social Services, NYC DSS) کے اندر آپ، اور انسانی وسائل کی انتظامیہ کے دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات کے درمیان ہے۔ یہ معاہدہ NYC DSS کے *اسے بے باق کریں (Pay It Off)* پروگرام میں رضاکارانہ طور پر شرکت کرنے کے آپ کے ارادے کو تسلیم کرتا ہے۔ ایک شرکت کنندہ کی حیثیت سے، آپ اپنی امداد اطفال کے بقایاجات کے ضمن میں $500 یا اس سے زیادہ ادا کرنے سے اتفاق کرتے ہیں جو NYC DSS کو 3 مارچ 2025 اور 14 مارچ 2025 کے درمیان واجب الادا ہے۔ آپ کے NYC DSS کے بقایاجات نیو یارک اسٹیٹ فیملی کورٹ اور/یا سپریم کورٹ کے امداد کے حکم کا نتیجہ ہیں جس کا نفاذ سپورٹ کلیکشن یونٹ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

NYC DSS بذریعہ ڈاک، NYC ACCESS HRA، چائلڈ سپورٹ موبائل ایپ، ٹیلیفون، ذاتی طور پر، یا آن لائن کی گئی ادائیگیاں قبول کرے گا۔ آپ کے NYC DSS کے بقایاجات کے ضمن میں 3 مارچ 2025 سے 14 مارچ 2025 کے درمیان تصدیق شدہ یا ذاتی چیک، منی آرڈر، کریڈٹ کارڈ یا Visa/MasterCard ڈیبٹ کارڈ، Venmo، یا PayPal کے ذریعے موصول ہونے والی کسی بھی غیر زیبائشی ادائیگی کے لیے، جس کا میزان $500 یا اس سے زیادہ ہو، NYC DSS درج ذیل کام کرے گا:

- ☒ آپ کی ادائیگی (کم از کم $500) کو آپ کے امداد اطفال کے اکاؤنٹ میں لاگو کرے گا اور NYC DSS پر آپ کی واجب الادا رقم کو کم کرنے کے لیے اسے ڈالر کے بدلے ڈالر (آپ کی واجب الادا رقم تک) سے ملائے گا۔
- ☒ اگر قابل اطلاق ہو تو، اپنی مستقل طور پر تفویض شدہ NYC DSS امداد اطفال قرض میں اضافی دو ہزار پانچ سو ڈالر ($2,500) کی تخفیف کرے گا کیونکہ آپ نے *بقایاجات کریڈٹ پروگرام* میں بھی اندراج کرایا ہے؛ اور
- ☒ اگر اطلاق ہو تو، رقم کے عدالتی تصفیہ نامہ کے سود کو جو NYC DSS کی طرف سے آپ پر واجب ہے منہا کرے گا کیونکہ آپ نے تصفیہ کی پوری اصل رقم ادا کری ہے۔ ہم تحریری طور پر آپ کو بتائیں گے کہ سود کی کتنی رقم ختم کی گئی۔

میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ NYC DSS میرے پاس موجود دیگر امداد اطفال کے اکاؤنٹس پر DSS کے قرض کو کریڈٹ کرنے کے لیے کسی بھی زائد ادائیگی کا اطلاق کر سکتا ہے۔

یہ دستاویز فریقین کے درمیان مکمل معاہدے پر مشتمل ہے اور اس میں فریقین کے مع دستخط تحریر کے بغیر اس میں کوئی رد و بدل، تبدیلی یا منسوخی نہیں ہو سکتی ہے۔

گارنشمنٹ کے ذریعے جمع کی گئی ادائیگیاں (بشمول پے چیک اور بے روزگاری بیمہ گارنشمنٹس)، ضبطی، ٹیکس کی باز داشت، یا دیگر انتظامی نفاذ کے آلات *Pay It Off* کے ذریعے مماثل نہیں ہوں گے۔ اس معاہدے کے تحت کی گئی ادائیگیاں بذات خود کسی باقی ماندہ وارنٹس کو نہیں ہٹاتی ہیں۔ صرف عدالت ہی کسی وارنٹ کو ہٹا سکتی ہے۔

اس معاہدے پر دستخط کر کے آپ ان شرائط کو سمجھتے ہیں جن پر آپ اتفاق کر تے ہیں اور یہ کہ NYC DSS نے آپ کی شناخت کی تصدیق کی ہے۔

معاہدے میں حکومت سے جاری شدہ ایک درست باتصویر شناخت کی نقل شامل ہونی چاہیے۔

_______________________________ غیر تولیتی والدین

_______________________________ NYC DSS کا مجاز نمائندہ

کیا آپ کو طبی یا ذہنی صحت کی کیفیت یا معذوری لاحق ہے؟ کیا اس کیفیت کی وجہ سے آپ کے لیے اس نوٹس کو سمجھنا یا اس نوٹس میں آپ سے جو کچھ کرنے کو کہا جا رہا ہے اسے انجام مشکل ہوتا ہے؟ کیا اس کیفیت کی وجہ سے آپ کو HRA میں دیگر خدمات حاصل کرنا مشکل ہو جاتا ہے؟ **ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔** ہمیں 718-557-1399 پر کال کریں۔ آپ HRA دفتر جا کر بھی مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانون کے تحت اس قسم کی مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔